21195-لیٹرین میں جماع کرنے کا حکم

سوال

کیا مرد کے لیے جائز ہے کہ اوپر کپڑا لیے بغیر اپنی بیوی سے ہم بستری کرلے ، اور کیا لیٹرین میں ہم بستری کرنا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

جی ہاں مرد کے لیے بغیر کپڑا لیے اپنی بیوی سے ہم بستری کرنا جائز ہے ، اوراسی طرح لیٹرین میں بھی جماع کرنا جائز ہے ، لیکن ایسا کرنے میں کئی قسم کی مخالفات مرتب ہونگی :

شائد کہ آپ کے علم میں جب مرد اپنی بیوی سے ہم بستری کرنا چاہے توسنت ہے کہ وہ یہ دعا پڑھے :

(بسم اللہ ، اللھم جنبنا الشیطان وجنب الشیطان مارزقتنا) اللہ تعالی کے نام سے ، اے اللہ ہمیں شیطان سے دور رکھ اور جو کچھ ہمیں عطا کرے اس سے بھی شیطان کو دور رکھ ۔

اورشائد آپ کے علم میں یہ بھی ہو کہ قضائے حاجت والی جگہ پر اللہ تعالی کا ذکر صحیح نہیں ، توجو شخص لیٹرین میں یہ کام کرے گا وہ کس طرح یہ دعا پڑے گا ؟ لیکن اگر وہ وہاں سے باہر نکلے اور دعا پڑھ کر پھر وہاں داخل ہوجائے ۔

واللہ اعلم .